نقد و نظر

حسنات الحرمین

تعلیق و ترجمہ : محمد اقبال مجددی

ناشر : مکتبہ سراجیہ خانقاہ احمدیہ سعیدیہ۔ موسیٰ زئی۔ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں

صفحات ۲۸۸۔ کتابت، طباعت، کاغذ، جلد عمدہ قیمت ۳۶ روپے

زیر نظر کتاب حضرت خواجہ محمد معصوم بن حضرت مجدد الف ثانی کے اثنائے سفر حرمین کے ملفوظات و مکاشفات کا مجموعہ ہے۔ ان ملفوظات و مکاشفات کو جمع کرنے کا شرف خواجہ محمد معصوم کے فرزند نامدار خواجہ محمد عبید اللہ سرہندی کو حاصل ہوا۔ یہ ملفوظات اور مکاشفات عربی زبان میں تھے۔ محمد شاکر بن ملا بدرالدین سرہندی نے ان کو فارسی میں منتقل کیا کہ اس زمانے میں برصغیر پاک و ہند کے اہلِ علم و اربابِ حکومت کی یہی زبان تھی اور تصنیف و تالیف اور اظہارِ فکر و رائے کا ذریعہ اسی کو قرار دیا جاتا تھا۔

یہ ایک قلمی کتاب تھی جو اگرچہ بہت سے تاریخی واقعات اور علمی و روحانی حقائق کو محتوی تھی، لیکن اس سے استفادہ مشکل تھا۔ خدا بھلا کرے پروفیسر محمد اقبال مجددی کا کہ انھوں نے اس ذخیرۂ تاریخ کو اردو کے قالب میں ڈھالا، اس پر پُر از معلومات مقدمہ تحریر کیا اور تعلیقات و حواشی سے اس کو مزین کیا۔ اب یہ کتاب شاندار شکل میں ہمارے پیشِ نگاہ ہے۔ پروفیسر ممدوح خالص علمی اور تحقیقی ذوق کے مالک ہیں اور اس مشکل کام کی تکمیل ان کے اسی ذوقِ سلیم کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے یہ خدمت انجام دے کر اردو دان طبقے پر احسان کیا ہے۔

ہم اپنے معزز قارئین سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس کتاب کے مندرجات سے مستفید ہوں گے۔